مسئلہ: محترم جناب مفتی صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور، ناخن اور بال کوڑے میں ڈالنا گناہ ہے کیا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامدا و مصلیا و مسلما

واضح رہے کہ انسانی ناخن اور بال دفن کر دینے چاہیں یا ایسی جگہ مٹی میں ڈال دیے جائیں، جہاں گندگی اور ناپاکی نہ ہو۔ ناخن یا بالوں کو دفن کرنا لازمی نہیں ہے، تاہم اگر آپ انہیں دفن کر دیتے ہیں، تو یہ اچھا عمل ہے، اور اگر آپ دفن نہیں کرتے تو اس میں بھی کوئی حرج والی بات نہیں ہے۔ کیونکہ "اہل علم نے بال اور ناخن دفن کرنے کو اچھا اور بہتر عمل قرار دیا ہے، اس بارے میں صحابہ کرام سے بھی کچھ آثار ملتے ہیں، لیکن یہ کہنا کہ اگر ناخن اور بال کوڑے میں ڈال دیں تو اس سے گناہ ملتا ہے، ایسی بات درست نہیں ہے" واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

العبد الضعیف

ڈاکٹر امجد علی عفی عنہ

رفیق دارالافتاء جامعہ اشرفیہ لاہور

۱۴۴۲/۰۷/۲۳

۲۰۲۱/۰۳/۰۸

الجواب صحیح

الجواب صحیح